© rasailojaraid.com





# اسلام میں مزدوروں کے حقوق اور ان کے مسائل کا حل

مولانا محمد اکرم مدنی
مدرس جامعہ سلفیہ

یکم مئی (MAY DAY) کو عام طور پر مزدوروں کا دن منایا جاتا ہے۔ اور اسے مزدوروں کا دن کہنے والے اس کی تاریخ کا شمار 1886 میں امریکہ کے شہر شکاگو میں محنت کشوں پر ہونے والے مظالم سے کرتے ہیں۔ اوقات کار میں کمی کرنے کیلئے جدوجہد کرنے والے مزدوروں پر اس سال جو مظالم ہوئے اور بہت سے محنت کش موت کے گھاٹ اتار دیئے گئے اس کی یاد تازہ کرنے کیلئے مختلف ممالک میں یکم مئی کو جلسے جلوس منعقد کئے جاتے ہیں۔ اور ان میں سرخ جھنڈے لہرائے جاتے ہیں اور قرار دادیں پاس کی جاتی ہیں۔ اور کچھ نئے عزائم اور ارادوں کا اظہار کیا جاتا ہے اور بدقسمتی سے بعض مسلم ممالک میں بھی (جن میں پاکستان شامل ہے) یہ دن منایا جاتا ہے۔ اور باقاعدہ تعطیل کی جاتی ہے لیکن حقیقت میں یکم مئی کے دن کا مسلمانوں کی ملی اور اسلامی تاریخ سے کوئی واسطہ نہیں ہے اس کا تعلق کچھ ہے تو شکاگو کی تاریخ سے یا اس سوشلزم کی جدوجہد سے ہے جس کے دور حکومت میں مزدوروں کو نہ یونین سازی کی اجازت ہے اور نہ ہڑتال کا حق حاصل ہے۔ اور بلاشبہ محنت کشوں کی محنت، مزدوروں کی مزدوری کی عظمت کا اسلام نے اعتراف کیا ہے۔ جیسا کہ آئندہ سطور میں ذکر کیا جائیگا لیکن اس سے قبل کہ ہم اسلام میں مزدوروں کے حقوق اور ان کے مسائل کا تذکرہ کریں۔ اس بات پر اظہار افسوس کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ موجودہ دور میں بعض مسلم ممالک میں یکم مئی کو شکاگو میں ہلاک ہونیوالوں کو شہداء کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ حالانکہ ان غیر مسلم مزدوروں کو شہداء کہنا اسلامی تعلیمات اور اصطلاحات کو مسخ کرنے کے مترادف ہے۔ اور شہید کی عظمت اور مقام کو داغ دار کرنے کی ناروا جسارت ہے کیا مسلمان ممالک کے حکمرانوں اور مسلمان مزدوروں، لیڈروں کو اتنا علم نہیں کہ شہادت کا رتبہ حاصل کرنے کیلئے بنیادی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



طور پر مسلمان ہونا ضروری ہے اور پھر اعلاء کلمۃ اللہ کیلئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کررہا ہو۔

لہٰذا ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ایسے مزدور لیڈروں کا سخت محاسبہ کیا جائے جو کہ مزدوروں کا دن منانے کی آڑ میں اسلام کی مقدس تعلیمات کا مذاق اڑانے کی عمداً کوشش کرتے ہیں اب جبکہ پاکستان کی موجودہ حکومت نے قرآن وسنت کو ملک میں سپریم لاء قرار دے دیا ہے تو اب بالاولیٰ ضروری ہوگیا ہے کہ سوشلزم اور اشتراکیت کے علم برداروں کا مقرر کردہ دن نظرانداز کرکے اسلامی تاریخ کی روشنی میں کوئی دن متعین کیا جائے۔ جس سے محنت کی عظمت بھی اجاگر ہو۔ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تاجر اور امیروں، مالک اور مزدوروں کے حقوق ومسائل کا عدل و انصاف کے ساتھ ادائیگی اور حل کا التزام بھی ہو۔

مذکورہ بالا مختصر اور قدرے طویل تمہیدی کلمات کے بعد قرآن وحدیث کی روشنی میں مزدوروں کی اہمیت اور محنت کشوں کے حقوق ومسائل کا تذکرہ کرتے ہیں تاکہ دشمنان اسلام کے پھیلائے ہوئے اثرات کو زائل کیا جاسکے کہ اسلام میں ان کی کوئی اہمیت نہیں (معاذ اللہ)

## اسلام میں مزدوروں کی اہمیت

محنت اور مزدوری کی عظمت اور اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام نے بھی اپنے مبارک مقدس ہاتھوں سے محنت اور مزدوری کی ہے جبکہ ان سے کائنات میں کوئی بڑا انسان نہیں ہوتا۔ مثال کے طور پر حضرت موسیٰ علیہ السلام، داؤد علیہ السلام، خاتم النبیین افضل الرسل حضرت محمد ﷺ کی محنت مزدوری کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔ تاکہ لادینی قوتوں کے اس تاثر کو ختم کیا جاسکے کہ معاذ اللہ اسلام میں مزدوروں کی کوئی عظمت اور مقام نہیں ان کے مسائل کا کوئی حل نہیں (نعوذ باللہ)

## حضرت موسیٰ علیہ السلام کی محنت ومزدوری

قرآن کریم کی سورۃ القصص میں اللہ رب العزت نے اپنے جلیل القدر پیغمبر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی محنت ومزدوری کا تذکرہ فرمایا ہے جیسا کہ فرمایا:

قالت یابت استاجره ان خیر من استاجرت القوی الامین قال انی ارید ان انکحک احدی ابنتی هاتین علی ان تاجرنی ثمانی حجج فإن اتممت عشرا

© rasailojaraid.com



فمن عندک وما ارید ان اشق علیک ستجدنی ان شاء اللہ من الصالحین قال ذالک بینی وبینک ایما الاجلین قضیت فلا عدوان علی واللہ علی ما نقول وکیل

ترجمہ: ان دونوں عورتوں میں سے ایک نے اپنے باپ سے کہا ابا جان اس شخص کو (موسیٰ) مزدور رکھ لیجئے بہترین آدمی جسے آپ مزدور رکھیں وہی ہوسکتا ہے جو قوی اور امانتدار ہو۔ اس کے باپ نے (موسیٰ) سے کہا میں چاہتا ہوں اپنی ان دو بیٹیوں میں سے ایک کا نکاح تمہارے ساتھ کردوں۔ بشرطیکہ تم آٹھ سال تک میرے ہاں ملازمت کرو اور اگر دس سال پورے کردو تو یہ تمہاری مرضی ہے۔ میں تم پر سختی نہیں کرنا چاہتا۔ تم ان شاء اللہ مجھے نیک آدمی پاؤ گے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا یہ بات میرے اور آپ کے درمیان طے ہوگئی ان دونوں مدتوں مین سے جو بھی پوری کردوں اس کے بعد کوئی زیادتی مجھ پر نہ ہو۔ اور جو کچھ قول وقرار ہم کر رہے ہیں اللہ اس پر نگہبان ہے۔

مذکورہ آیات کے تحت امام ابن کثیر اور دیگر مفسرین کرام نے حضرت ابن عباسؓ کی روایت نقل فرمائی ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دس سال کی مدت پوری فرمائی اسی طرح ابوذرؓ نے رسول اللہ ﷺ سے بیان فرمایا ہے:

قضی موسیٰ اوفاھما وابرھما (ابن کثیر ۳/۱۱) یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے وہ مدت پوری فرمائی جو کہ زیادہ کامل اور ان کے خسر کیلئے زیادہ خوشگوار تھی (یعنی دس سال)۔ امام ابن کثیر اور دیگر مفسرین نے یہ روایت بھی ذکر فرمائی ہے: ان موسیٰ علیہ السلام آجر نفسہ بعفۃ فرجہ وطعمۃ بطنہ۔

یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنا پیٹ بھرنے اور اپنی عزت وعصمت کو بچانے کیلئے حضرت شعیب علیہ السلام کی دس سال تک مزدوری کی۔

## ملازمت ومزدوری کیلئے دو اہم شرطیں

سورۃ القصص کی مذکورہ بالا آیات کے تحت تفسیر معارف القرآن میں حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مرحوم فرماتے ہیں:

ان خیر من استاجرت القوی الامین

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یعنی شعیب علیہ السلام کی ایک صاحبزادی نے اپنے والد سے عرض کیا کہ آپ کو گھر کے کاموں کیلئے ملازم کی ضرورت ہے۔ آپ ان کو نوکر رکھ لیجئے کیونکہ ملازم میں دو صفتیں ہونا چاہئیں۔ ایک کام کی قوت وصلاحیت اور دوسری امانتداری آگے ذکر فرماتے ہیں۔

حضرت شعیب علیہ السلام کی صاحبزادی کی زبان پر اللہ تعالیٰ نے بڑی حکمت کی بات جاری فرمائی۔ آج کل سرکاری عہدوں اور ملازمت کیلئے کام کی صلاحیت اور ڈگریوں کو تو دیکھا جاتا ہے مگر دیانت وامانت کی طرف توجہ نہیں دی جاتی۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ عام دفتروں اور عہدوں کی کاروائی میں پوری کامیابی کے بجائے رشوت خوری، اقرباپروری، وغیرہ کی وجہ سے قانون معطل ہو کر رہ گیا ہے۔ کاش لوگ اس قرآنی ہدایات کی قدر کریں تو سارا نظام درست ہو جائے۔

## حضرت داؤد علیہ السلام کی محنت ومزدوری

حضرت داؤد علیہ السلام کے متعلق اللہ کا ارشاد ہے:

**وعلمنٰہ صنعۃ لبوس لکم لتحصنکم من باسکم**

ہم نے اس کو (داؤد) تمہارے فائدے کیلئے زرہ بنانے کی صنعت سکھادی تھی تاکہ ایک دوسرے کی مار سے بچائے۔

اور دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**والنا لہ الحدید ان اعمل سبغت وقدر فی السدد**

ہم نے لوہے کو اس کیلئے نرم کر دیا (اور اس کو ہدایت کی) کہ پوری پوری زرہیں بنا اور ٹھیک اندازے سے کڑیاں جوڑ۔

علاوہ ازیں حضرت داؤد علیہ السلام کے متعلق آنحضرت کا ارشاد گرامی ہے:

**ان نبی اللہ داؤد علیہ السلان کان یاکل من عمل یدیہ**

کہ حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ مبارک کی کمائی سے کھاتے تھے معلوم ہوا کہ محنت مزدوری کر کے کھانا اور کمانا یہ انبیاء علیہم السلام کا مقدس پیشہ رہا ہے۔ لہٰذا جس عمل اور پیشے کو انبیاء کرام نے اختیار کیا ہو وہ کیونکہ کم تر اور گھٹیا ہو سکتا ہے۔ بلکہ وہ تو اعلیٰ وارفع ہوگا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## حضور علیہ السلام کی مزدوری اور اجرت

حضور کا ارشاد گرامی ہے:

**ما بعث اللہ نبیا الا رعی الغنم فقال اصحابہ وانت فقال نعم کنت ارعاھا علی قراریط لاھل مکۃ**

کہ اللہ تعالیٰ نے کوئی پیغمبر ایسا نہیں بھیجا جس نے بکریاں نہ چرائی ہوں صحابہ کرام نے عرض کیا کہ آپؐ نے بھی چرائیں؟ فرمایا ہاں! میں بھی چند قیراط پر مکے والوں کی بکریاں چرایا کرتا تھا۔

## آنحضرت ﷺ کا بیت اللہ کی تعمیر میں شریک ہونا

جس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام اور اسماعیل علیہ السلام نے بیت اللہ کی تعمیر میں معمار اور مزدور کی حیثیت سے کام کیا۔ اسی طرح آنحضرت ﷺ نے بھی بحیثیت مزدور اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لیا۔ اور اپنے کندھے مبارک پر پتھر اٹھا کر لاتے تھے جیسا کہ امام بخاریؒ نے نقل فرمایا ہے:

**لما بنیت الکعبۃ ذھب النبی ﷺ وعباس ینقلان الحجارۃ فقال العباس للنبی ﷺ اجعل ازارک علی رقبتک فخر الی الارض وطمحت عیناہ الی السماء فقال ارنی ازاری فشدہ علیہ (۱/۶۷۵.۶۷۶، باب فضل المکۃ وبنیانھا)**

یعنی کعبہ کی تعمیر کے وقت حضرت عباسؓ اور آنحضرت ﷺ دونوں شریک تھے اور دونوں ہی پتھر اٹھا کر لاتے تھے۔ حضرت عباسؓ نے حضور سے فرمایا کہ اپنے ازار مبارک کو اتار کر کندھے پر رکھ لیجئے۔ تو حضور نے جب ایسا کیا تو آپ (شرم و حیاء کیوجہ سے) زمین پر گر پڑے۔ اور آپ کی آنکھیں آسمان کی طرف بلند ہوئیں اور فرمایا میرا ازار مجھے دیجئے تو آپؐ نے اپنا ازار مبارک مضبوطی سے باندھ لیا۔

## مسجد نبوی کی تعمیر میں مزدوری کرنا

مدینہ منورہ میں تشریف لانے کیبعد حضور نے مسجد نبوی کی تعمیر شروع فرمائی تو عام صحابہ کرام کے ساتھ خود بھی مزدوروں کی طرح اینٹ اور پتھر اٹھا کر لاتے تھے۔ اور زبان مبارک سے مندرجہ ذیل شعر پڑھتے تھے:

**اللھم لا عیش الا عیش الاخرۃ فاغفر الانصار والمھاجرۃ**



© rasailojaraid.com

الٰہی زندگی تو صرف آخرت کی ہے اور تو انصار اور مہاجرین کو معاف فرما۔ صحابہ کرام بھی اپؐ کے ساتھ مزدوری میں مشغول تھے۔ اور وہ بھی زبان مبارک سے مندرجہ ذیل شعر پڑھتے تھے:

**لئن قعدنا والرسول یعمل لذالک فالعمل المضل** (رحمة الله العالمین ۱/۱۹۳)

رسول اللہ ﷺ کام کریں اور ہم بیٹھے رہیں، یہ تو بڑی ہی گمراہی کا کام ہے۔

## خندق کھودنے میں صحابہ کرام کے ساتھ شرکت

غزوہ خندق میں حضور علیہ السلام خندق کھودنے میں صحابہ کرام کے ساتھ مصروف اور شریک ہیں۔ حتی کہ کہ سینہ مبارک کے بال مٹی سے چھپ گئے۔ خندق کھودتے وقت حضور علیہ السلام حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کے مندرجہ ذیل اشعار بلند آواز سے پڑھتے تھے۔

**اللھم لولا انت ما اھتدینا**

**فلا تصدقنا ولا صلینا**

(رحمۃ للعالمین ۲/۱۳۱، وسیرۃ النبی شبلی ۱/۴۳۱، ۴۳۲)

اے اللہ تیرے سوا ہم ہدایت حاصل نہیں کر سکتے تھے اور نہ ہی تیری توفیق کے بغیر زکوٰۃ ادا کر سکتے تھے اور نہ نماز ادا کر سکتے تھے۔

**فانزل سکینة علینا**

**وثبت الاقدام ان لا قینا**

اے اللہ ہم پر طمانیت نازل فرما اور دشمن سے لڑائی کے وقت ہمیں ثابت قدم فرما۔ (رحمۃ للعالمین ۱/۱۳۱، سیرۃ النبی شبلی، ۱/۴۲۱)

**ان الاعداء قد بغوا علینا**

**اذا ارادو فتنة ابینا**

یقیناً دشمن نے ہم پر ظلم کرتے ہوئے چڑھائی کی ہے۔ وہ فتنہ گر ہیں ہمیں فتنے کی بات قبول نہیں اور صحابہ کرام بھی خندق کھودتے وقت جوش محبت میں بیک آواز پڑھتے تھے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نحن الذین بایعوا محمدا

علی الجهاد ما بقینا ابدا

اور ہم وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہمیشہ کیلئے محمد ﷺ کے ہاتھ مبارک پر جہاد کرنے کی بیعت کی ہے۔

مذکورہ بالا واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ مزدوری کا کام انبیاء کرام نے بھی کیا اور اس میں عار محسوس نہیں فرمائی۔ اور صحابہ کرام کے ساتھ آخر الزمان، افضل الرسل، علیہ التحیۃ والسلام نے بھی محنت و مزدوری کر کے آنے والے تمام لیڈران کرام کیلئے اسوہ حسنہ پیش کیا۔ کیا مسلمان مزدور لیڈروں کو مذکورہ بالا تاریخی واقعات اور تاریخی کتب اور سیرۃ النبی کی کتابوں میں نظر نہیں آتے۔ اگر چہ ہم مخصوص ایام منانے کے قائل نہیں لیکن فرض محال اگر دنوں کو منانا جائز بھی تسلیم کیا جائے تو مسلمان ممالک میں یکم مئی کے بدلے وہ دن منایا جائے جس میں نبی ﷺ نے مسجد نبوی کی بنیاد رکھی اور اس کی تعمیر میں مزدوروں کی طرح مزدوری کی یا آٹھ ذوالقعدہ کی تاریخ متعین کی جائے جسمیں سرور کائنات محسن انسانیت خاتم الرسل پیغمبر تین دن سے پیٹ مبارک پر پتھر باندھ کر صحابہ کرام کے ساتھ خندق کھودنے میں مصروف رہے اسلامی جمہوریہ پاکستان جیسے ملک میں کمیونسٹوں اور اشتراکیوں کے موقف کی پذیرائی اور شکاگو کے ہلاک ہونے والے مزدوروں کو شہداء کے طور پر پیش کرنا تاریخ پاکستان، نظریہ پاکستان، اور قیام پاکستان کے مقاصد کی تضحیک و تذلیل کے سوا، کچھ بھی نہیں ہے۔

## محنت و مزدوری کی اہمیت کے متعلق احادیث رسول ﷺ

رسول اللہ ﷺ نے حلال کمائی کیلئے محنت و مزدوری کرنے کی بہت زیادہ فضیلت اور اہمیت بیان فرمائی ہے۔ جیسا کہ حضرت ابو ہریرہؓ بیان فرماتے ہیں: کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

**خیر الکسب کسب العامل اذا نصح** (الترغیب والترھیب للحافظ المنذری ۳۹۱/۱)

بہترین کمائی مزدور کی کمائی ہے بشرطیکہ اپنے مالک کا کام خیر خواہی اور خلوص سے سرانجام دے اسی طرح ایک اور حدیث میں حضرت جمیع بن عمیر اپنے ماموں سے روایت کرتے ہیں کہ کسی نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ سب سے بہتر اور افضل کمائی کونسی ہے؟ تو آپ نے فرمایا **عمل الرجل بیدہ و کل بیع مبرور** (مسند احمد بن حنبل مع الفتح الربانی و شرح بلوغ الامانی ۶/۱۵)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کہ وہ تجارت کہ جس میں رب کی نافرمانی کے طریقے نہ اختیار کئے جائیں اور اپنے ہاتھ سے کام کرنا (یہ دونوں تجارت اور جائز پیشہ روزی حاصل کرنے کیلئے بہترین طریقے ہیں)

حضرت مقدام بن معدیکرب نے حضور اکرم ﷺ سے محنت اور مزدوری کی اہمیت کے متعلق ایک حدیث بیان فرمائی ہے۔ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

**ما اکل احد طعاما قط خیرا من ان یاکل من عمل یدہٖ وان نبی اللہ دائود علیہ السلام کان یاکل من عمل یدہ** (صحیح بخاری کتاب البیوع، باب کسب الرجال وعملہ بیدہ ج۲/۶_۱۰۲)

کہ اپنے ہاتھ کی کمائی سے بہتر کھانا کسی شخص نے کبھی نہیں کھایا۔ اور اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھوں کی کمائی کھاتے تھے۔

مزکورہ بالا احادیث اور روایات سے مزدوری اور محنت کی اہمیت وفضیلت روز روشن کی طرح واضح ہے۔

## مزدوروں کے حقوق

ایک مزدور اور ملازم آدمی کیلئے سب سے بڑا اور اولین مسئلہ اجرت کے متعلق ہے کہ اس کی ادائیگی میں حق تلفی نہ ہو۔ اور نہ ہی تاخیر اور ٹال مٹول۔ اس لئے سرور کائنات نے جو کہ رحمۃ للعالمین بن کر تشریف لائے مالکوں اور آجرین کو مندرجہ ذیل حکم فرمایا:

**اعطوا الاجیر اجرہ قبل ان یجف عرقہ** (سنن ابن ماجہ ۲/ ۸۱۷، کتاب الرھون باب اجر الاجراء)

کہ مزدور کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے اس کی مزدوری ادا کرو۔

مندرجہ بالا حکم پر ہی صرف آپؐ نے اکتفا نہیں فرمایا بلکہ مزدوری کی اجرت اور مزدوری ادا نہ کرنے والوں اور حق تلفی کرنے والوں کو شدید وعید کی تنبیہ فرمائی جیسا کہ مندرجہ ذیل حدیث سے ثابت ہے۔ چنانچہ حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں:

**قال رسول اللہ ﷺ ثلثۃ انا خصمھم یوم القیامۃ رجل اعطی بی ثم غدر ورجل باع جراً فاکل ثمنہ ورجل استاجر اجیرا فاستوفی منہ ولم یعطہ اجرہ** (صحیح



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بخاری، کتاب الاجارہ باب (ثم من منع اجر الاجیر) ۲/۳۴، وابن ماجہ کتاب الرھون باب اجر الاجراء ۲/۸۱۶)

کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ کا ارشاد ہے۔ تین آدمی ہیں جن سے قیامت کے روز میرا جھگڑا ہوگا۔

نمبر 1: ایک وہ شخص جس نے میرا نام لیکر کوئی معاہدہ کیا پھر اس نے عہد کو توڑ ڈالا

نمبر 2: دوسرا وہ شخص جس نے کسی آزاد کو (اغوا کر کے) فروخت کر دیا اور اس کی قیمت کھائی

نمبر 3: جس نے کسی مزدور کو مزدوری پر لگایا پھر اس سے پورا کام لیا اور کام لینے کے بعد اس کو اس کی مزدوری نہیں دی۔

آہ! آج ہمارے معاشرہ میں کتنے سنگدل اور پتھر دل لوگ موجود ہیں جو کہ اللہ کے نام کا حلف اٹھا کر معاہدہ کرتے ہیں اور ملک کے مختلف بڑے بڑے جلیل القدر مناصب اور عہدوں پر فائز ہوتے ہیں لیکن اس حلف اور عہد کی پاسداری نہیں کرتے۔ اور کتنے ہی ڈاکو اور لٹیرے ہیں جو کہ آزاد اور شریف انسانوں کو اغوا کر کے منہ مانگا تاوان وصول کر رہے ہیں۔ اور یہ اغوا کا معاملہ پاکستانی لوگوں تک محدود نہیں رہا۔ بلکہ اب ان کا ہاتھ غیر ملکی لوگوں تک دراز ہو چکا ہے۔ جیسا کہ جاپانی طلبہ کو اغوا کیا جا چکا ہے۔ اور ابھی تک انکی رہائی کا مسئلہ حل نہیں ہو سکا۔ اور یوں یہ ڈاکو اور لٹیرے اپنے اس عمل سے ملک وملت کی بدنامی اور ننگ وعار کا باعث بن رہے ہیں۔ اور حکومت بھی بے بس نظر آتی ہے۔ اور اغوا کا کیس بڑے مردوں تک محدود نہیں رہا۔ بلکہ معصوم بچوں کو اغوا کر کے ان کو خرکار کیمپوں میں رکھا جاتا ہے۔ اور بڑے ظالمانہ طریقے سے ان سے حسب منشاء کام لیا جاتا ہے۔ کیا اسلامی جمہوری پاکستان کے حکمرانوں سے عزت وآبرو، جان ومال کے تحفظ کی امید کی جاسکتی ہے؟

اسی طرح ہمارے ملک میں ایسے بھی لوگوں کی کمی نہیں ہے جو کہ ملازموں اور مزدوروں کا ان کی محنت اور مزدوری کے مطابق حق ادا نہیں کرتے۔ جس کی بناء پر معاشرے میں بے چینی کے آثار پائے جاتے ہیں۔ اس قسم کے ظالم لوگوں کو سوچنا چاہیئے کہ قیامت کے دن اللہ کی عدالت میں کیا جواب دیں گے جبکہ ایسے مظلوموں کی طرف سے وکیل بھی خود احکم الحاکمین کی ذات ہوگی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## آجر اور اجیر کے تعلقات کی نوعیت

مزدور اور مستاجر کے درمیان تعلقات اس وقت مثالی اور خوشگوار رہ سکتے ہیں جبکہ اس کی بنیاد اخوت اسلامی اور بھائی چارے کے اصول پر ہو۔ جہاں دماغ میں دولت وثروت کا غرور اور نخوت پیدا ہوا اور اپنی برتری کا زعم ہو۔ وہاں مزدوروں پر طرح طرح کے مظالم ہوتے ہیں اور حق تلفی کی جاتی ہے اس لئے اسلام نے اس بارے میں یہ تعلیم دی ہے کہ ہم جن لوگوں سے محنت مزدوری اور خدمت کا کام لیں۔ ان سے ہمارا برتاؤ اور سلوک برادرانہ، مشفقانہ، مساویانہ، اور عادلانہ ہو نہ کہ ظالمانہ۔

چنانچہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے (اختصار کیوجہ سے صرف حدیث کا ترجمہ پیش خدمت ہے) کہ یہ غلام تمہارے بھائی ہیں اور تمہارے مملوک ہیں۔ اور اللہ نے انہیں تمہارے ماتحت کیا ہے پس جس شخص کا بھائی اس کے زیردست ہوا سے چاہئے کہ جو خود کھائے وہی اسے کھلائے اور جو خود پہنے وہی اسے پہنائے اور تم لوگ انہیں ایسے کاموں پر مجبور نہ کرو جوان پر شاق ہو۔ اگر تم ان کو کسی ایسے کام پر مجبور کرو جوان کی طاقت سے زیادہ ہو وہ تو پھر اس کام میں ان کی معاونت کرو۔ (صحیح بخاری، کتاب الایمان ۱/۱۰)

مذکورہ بالا حدیث سے جو زیردستوں اور ماتحتوں کے حقوق ثابت ہوتے ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں:

کہ خادم، غلام، مزدور اور نوکر سے اتنا زیادہ کام نہ لیا جائے جو اس کی طاقت سے زیادہ ہو۔ وگرنہ ان کے کام میں ہاتھ بٹایا جائے۔

ان کی تنخواہ ومشاہرہ اور خوراک ولباس اور دوسری شرائط ملازمت کو دیانتداری اور امانتداری سے پورا کیا جائے اور انصاف سے کام لیا جائے، ان کے ساتھ حسن سلوک کیا جائے۔

ان کی خطاؤں اور لغزشوں کو معاف کیا جائے اور ان پر ناروا اور ناجائز سختی کرنے سے پرہیز کیا جائے۔

غلام وآقا، حاکم ومحکوم نیز آجر اور اجیر کے درمیان تعلقات کی نوعیت ایسی ہو کہ وہ ایک دوسرے کو اپنا بھائی سمجھیں۔

### قارئین کرام!

مذکورہ بالا اسلام کی سنہری ہدایات کی روشنی میں اگر آج کے صنعتکار اور کارخانے دار اور مزدور طبقہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


اپنے اپنے طرز عمل پر نظر ثانی کریں اور ایک دوسرے کو بھائی سمجھ کر ایک دوسرے سے تعاون کریں اور اپنی اپنی ذمہ داری کا احساس کریں۔ تو یقیناً ہمارے ملک میں کارخانوں اور فیکٹریوں کی بندش اور ہڑتال کی نوبت نہیں آئیگی۔ اور نہ ہی مالکوں اور مزدوروں میں تعلقات کشیدہ ہونگے۔ بلکہ بھائی چارہ کی فضا پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ پیداوار میں بے حد اضافہ ہوگا۔ اور اسی طرح مزدوروں کی بے چینی بھی ختم ہوگی۔ اور ان کے مسائل بھی حل ہونگے۔

اسلامی تعلیمات کے برعکس اگر اشتراکی نظریہ کا جائزہ لیا جائے تو وہ صرف لالچ، انتقام، حسد، کینہ اور نفرت پر مبنی نظر آتا ہے۔ کیونکہ اشتراکی فلسفہ مزدور کو یہ حق دیتا ہے کہ وہ آجر کو لوٹ لے۔ اس کی اخلاقی تعلیم اسے یہ اجازت دیتی ہے کہ وہ مزدور کی آمریت قائم کرنے کیلئے جو حربہ استعمال کرے وہ جائز ہے۔ اس کا نصب العین صرف اور صرف یہی ہے کہ وہ دوسروں کی دولت کو چھین کر طاقت کے ذریعے اپنے آپ پر مسلط کردے۔

اسلام نے دونوں طبقات کے درمیان عدل وانصاف کے اصولوں کو جاری فرمایا ہے۔ ایک کو دوسرے کا حق کھانے سے سختی سے روکا ہے اسلام نے ہر مسلمان کو رزق حلال کمانے کی تعلیم دی ہے۔ خواہ وہ کسی بھی طبقے سے تعلق رکھتا ہو کیونکہ حلال رزق سے ہی انسانیت ترقی کے منازل طے کرتی ہے۔

آخر میں، ہم موجودہ حکومت سے توقع کرتے ہیں کہ وہ ملک میں سرکاری طور پر صنعتی اور لیبر پالیسی ایسی اختیار کرے گی جس میں مزدوروں اور آجروں کے حقوق اسلامی تعلیمات کی روشنی میں طے کیئے جائیں گے۔ تاکہ ملک سے اس مظلوم طبقہ کے مسائل حل ہوں۔ اور ان کے بچے بھی خوشحالی کی زندگی بسر کرسکیں۔

اور ہمیں امید ہے کہ موجودہ حکومت اسلامی جمہوری پاکستان سے اشتراکی نظریہ کے علمبرداروں کا مقرر کردہ دن ''یکم مئی'' منانے کا پروگرام ختم کرے گی۔ اور اس کے بدلے اسلامی تاریخ کی روشنی میں کوئی اہم دن مقرر کیا جائے گا۔

آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین.


© rasailojaraid.com